**تعلیم اور ترقی لازم وملزوم ہیں، جب تک تعلیم عام نہیں ہوگی اس وقت تک نہ ملک ترقی کرسکتا ہے اور نہ ہی شعور پھیل سکتا ہے۔ الطاف حسین**

**جہاں تعلیم عام نہ ہو اور ناخواندگی ہو وہاں نئی نسل میں اپنے حقوق کے شعور کے بجائے مذہبی انتہا پسندی کا غلبہ ہوتا ہے**

**غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اگر برسوں سے اپنے حقوق سے محروم ہیں تو اس میں ان کا بھی قصور ہے کیونکہ وہ انہی جاگیرداروں، وڈیروں، اور سرمایہ داروں کو ووٹ دیتے آئے ہیں جنہوں نے عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے اپنی جاگیروں اور دولت میں اضافہ کیا**

**غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اگر اپنی حالت بدلنا چاہتے ہیں تو انہیں جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے اپنی صفوں سے قیادتیں نکالنا ہوں گی**

**مڈل کلاس کے پڑھے لکھے افراد کو آگے آنا ہوگا اور ملک کو مراعات یافتہ کے چند خاندانوں کے تسلط سے نجات دلانا ہوگی کیونکہ صرف غریب ومتوسط طبقہ ہی ملک کو بچا سکتا ہے۔ لاہور میں وکلاء، پروفیسرز، ڈاکٹرز اور ایم کیو ایم کے ذمہ داروں سے فون پر گفتگو**

لاہور۔۔۔ 18 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ تعلیم اور ترقی لازم وملزوم ہیں، جب تک ملک میں تعلیم عام نہیں ہوگی اس وقت تک نہ تو ملک ترقی کرسکتا ہے اور نہ ہی شعور پھیل سکتا ہے اور مذہبی انتہا پسند عناصر نوجوان نسل کو اپنے مفادات کیلئے استعمال کرتے رہیں گے۔ انہوں نے یہ بات لاہور میں ایم کیو ایم پنجاب کے مرکزی دفتر پر وکلاء، پروفیسرز، ڈاکٹرز اور ایم کیو ایم کے ذمہ داروں سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے اپنی گفتگو میں ملک کے موجودہ حالات، انتہا پسندی، دہشت گردی اور ملک کے غریب عوام کی حالتِ زار، انکے مختلف مسائل اور انکے اسباب پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ دنیا بھر میں تعلیم پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے مگر بدقسمتی سے پاکستان میں تعلیم کیلئے سب سے کم بجٹ رکھا جاتا ہے اور جہاں تعلیم عام نہ ہو اور ناخواندگی ہو وہاں نئی نسل میں اپنے حقوق کے شعور کے بجائے مذہبی انتہا پسندی کا غلبہ ہوتا ہے اور اسکے نتیجے میں وہی کچھ ہوتا ہے جو آج پاکستان میں ہو رہا ہے۔ برین واشنگ کے ذریعے چھوٹے چھوٹے بچوں کو خودکش حملوں کیلئے استعمال کیا جارہا ہے جو خودکش بم دھماکے کرکے معصوم وبے گناہ نوجوانوں، بزرگوں، عورتوں اور بچوں کو شہید کررہے ہیں، مسلح افواج، سیکوریٹی فورسز، پولیس کے اہلکاروں اور عام شہریوں کو ذبح کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وہ مذہبی جماعتیں جو آج عوام کو گمراہ کرنے کیلئے طالبان کی دہشت گردیوں کی ذمہ داری امریکہ پر ڈال رہی ہیں اور یہ کہہ رہی ہیں کہ امریکہ اسلام اور مسلمانوں کا دشمن ہے انہی مذہبی جماعتوں نے افغان جنگ کے دوران امریکہ کو اسلام اور مسلمانوں کا دوست اور اہلِ کتاب قرار دیکر اسکی کھل کر حمایت کی اور سوویت یونین کے خلاف امریکہ کی جنگ میں اپنے نوجوانوں کو جھونک کر اسکے عوض امریکہ سے بوریوں میں بھر بھر کر ڈالر وصول کئے۔ ان مذہبی جماعتوں اور ملاؤں نے قرآنی آیات کا غلط استعمال کرکے عوام کو ملک میں نظام کی تبدیلی کی جدوجہد سے روکا اور انہیں یہ درس دیا کہ تم اگر غریب اور محروم ہو تو یہ اللہ کی مرضی ہے لہٰذا جیسے ہو اسی حال میں رہو اور اپنی حالت بدلنے کی جدوجہد نہ کرو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تعلیم کی کمی کے باعث عوام میں شعوری بیداری نہیں آتی اور ایک قبضہ گروپ جنم لیتا ہے جو ہر جماعت میں ہوتا ہے اور موروثی نظام کے تحت نسل درنسل حکومت کرتا ہے۔ ملک کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اگر برسوں سے اپنے حقوق سے محروم ہیں اور جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے غلام بنے ہوئے ہیں تو اس میں مراعات یافتہ طبقہ کے ساتھ ساتھ محروم عوام کا بھی قصور ہے کیونکہ وہ جانتے بوجھتے ہوئے انہی جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کو ہر الیکشن میں ووٹ دیتے آئے ہیں اور انہی جماعتوں کی طرف دیکھتے ہیں جنہوں نے عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے اپنی جاگیروں، جائیدادوں اور دولت میں اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اگر اپنی حالت بدلنا چاہتے ہیں تو انہیں صحیح اور غلط میں تمیز کرنا ہوگی اور جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے اپنی صفوں سے قیادتیں نکالنا ہوں گی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کے انقلابی فکروفلسفہ کی وجہ سے جاگیردار، وڈیرے، سردار اور مذہبی انتہا پسند عناصر ایم کیو ایم کے خلاف ہیں، اسی لئے ایم کیو ایم کے خلاف طرح طرح کے پروپیگنڈے کئے گئے اور اس پر جناح پور جیسے شرمناک الزامات لگائے گئے لیکن آج 17 سال بعد ان الزامات کا پردہ چاک ہوگیا ہے اور الزامات لگانے والے خود انہیں غلط کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ الطاف حسین کا قصور یہ ہے کہ اس نے اپنے ظرف وضمیر کا سودا نہیں کیا اور ایجنسیوں سے پیسے نہیں لئے۔ ایم کیو ایم کے نظریہ میں سچائی ہے اسی لئے آج یہ نظریہ سندھ سے نکل کر پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر کے بعد اب گلگت بلتستان میں بھی پھیل رہا ہے۔ ایم کیو ایم پر گن پوائنٹ پر ووٹ لینے کا الزام لگایا جاتا تھا مگر الزام لگانے والے جواب دیں کہ گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں عوام نے کس بنیاد پر ووٹ دیئے؟ انہوں نے کہا کہ اگر سرکاری وانتظامی سطح پر دھاندلی نہ کی جاتی تو ایم کیو ایم وہاں کئی نشستوں پر کامیابی حاصل کرتی۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے ایم کیو ایم کو کامیابی سے ہمکنار کرکے حق پرستی کا ثبوت

دیدیا ہے،اب پنجاب کے حق پرست عوام کوبھی اسی طرح اپنے اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان آج چاروں طرف سے خطرات میں گھرا ہوا ہے ایسے میں غریب ومتوسط طبقہ کے کاندھوں پر بہت بھاری ذمہ داری آگئی ہے،خصوصاً مڈل کلاس کے پڑھے لکھے افراد کوآگے آنا ہوگا اور ملک کومراعات یافتہ کے چند خاندانوں کے تسلط سے نجات دلانا ہوگی کیونکہ صرف غریب ومتوسط طبقہ ہی ملک کو بچاسکتا ہے۔اس موقع پر وکلاء، پروفیسرز،ڈاکٹرز اور ایم کیوایم کے ذمہ داروں نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ عمل وکرداراورعوامی سیاست کا پنجاب میں بہت اچھا اثر ہورہا ہے اور پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام خصوصاً نوجوان طبقہ اور طلبہ ایم کیوایم سے بہت متاثر ہورہے ہیں، یہاں بھی لوگوں کی سوچ میں بھی تیزی سے تبدیلی آرہی ہے اورانشاءاللہ وہ وقت دورنہیں جب پنجاب میں بھی عوام سیاسی تبدیلی دیکھیں گے۔ تمام حاظرین نے جناب الطاف حسین کوگلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔

## حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات پنجاب کنونشن فنڈ میں زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں،الطاف حسین

## ایم کیوایم،ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے

## صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کا کنونشن اسی جدوجہد کا حصہ ہے جس کیلئے ایم کیوایم کو عوامی عطیات کی اشد ضرورت ہے

لندن۔۔۔18،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیوایم پنجاب کنونشن فنڈ میں زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی جماعت ہے جس کی صفوں میں کوئی جاگیردار،وڈیرہ یا سرمایہ دارنہیں ہے اورایم کیوایم اپنے تمام تنظیمی اخراجات عوام کے عطیات سے پورے کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان اوراس کے عوام پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کے خاتمے اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ایم کیوایم ملک میں منصفانہ نظام کا قیام چاہتی ہے جہاں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بلاامتیاز رنگ ونسل،زبان فقہہ،مسلک،عقیدہ اور مذہب یکساں حقوق حاصل ہوسکیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوجاتا اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی حکمرانی قائم نہیں ہوجاتی ملک بھر کے 98فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کوان کے بنیادی حقوق نہیں مل سکیں گے۔جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کا کنونشن اسی جدوجہد کا حصہ ہے اوراس کنونشن کے انعقاد کیلئے ایم کیوایم کو عوامی عطیات کی اشد ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیوایم پنجاب کنونشن فنڈ میں زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں اورحسب توفیق عطیات دیکرحق پرستی کی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہا ایم کیوایم پنجاب کنونشن کیلئے مخیّر حضرات اپنے عطیات MCB بنک،برانچ کوڈنمبر0073اوراکاؤنٹ نمبر1000863 میں جمع کراسکتے ہیں۔مزید معلومات کیلئے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد ٹیلی فون نمبرز3690 021-3631اور9900 021-3632،ایم کیوایم پنجاب ہاؤس کے فون نمبر4029 042-586یاایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے نمبر00442089057300پربھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## ایم کیوایم ایلڈرز ونگ ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ایڈھاک سیکٹرانچارج محفوظ علی کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ایڈہاک سیکٹرانچارج محفوظ علی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم بلتستان اسکردو یونٹ کے کارکنان رجب علی بھٹوشہید کے والد اور فدا حسین شہید کے بھائی سے فون پر ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کا اظہار تعزیت

## رجب علی بھٹوشہیداور فدا حسین شہید دوروز قبل ایک المناک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے تھے

لندن۔۔۔18 نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلتستان اسکردو یونٹ کے کارکنان رجب علی بھٹوشہیداور فدا حسین شہید کے اہلِ خانہ کوفون کرکے ان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔رجب علی بھٹوشہیداور فدا حسین شہید دوروز قبل ایک المناک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے تھے۔آج جناب الطاف حسین نے رجب علی بھٹوشہید کے والد اور فدا حسین شہید کے بھائی سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اور میرے تمام ساتھیوں کو رجب علی بھٹواور فدا حسین کی المناک شہادت پر بہت افسوس ہے اور اس سانحہ پر ہم آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ رجب علی بھٹواور فدا حسین کوشہادت کا درجہ عطا کرے،شہیدوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے رجب علی بھٹوشہیداور فدا حسین شہید کے اہل خانہ سمیت ان کی برادریوں کے تمام افراد،اسکردو کے ذمہ داران اور گلگت بلتستان کے تمام عوام سے بھی اس سانحہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا

## ایم کیوایم میر پورخاص زون کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ شہید کی والدہ اور بھائیوں سے الطاف حسین کی فون پر تعزیت

## گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ قائم علی شاہ اوروزیرداخلہ ذوالفقارمرزا نوید بلوچ شہید کے قتل کی تحقیقات کرائیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18 نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میر پورخاص زون یونٹ B - 7 کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ شہید کے گھر فون کرکے شہید کی والدہ اور بھائیوں سے تعزیت کی۔نوید بلوچ شہید کوگزشتہ روز میر پورخاص میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا تھا۔شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ نوید بلوچ شہید کی شہادت پر مجھے اورتحریک کے تمام ساتھیوں کودلی صدمہ پہنچا ہے۔جناب الطاف حسین نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اوروزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا کہ نوید بلوچ شہید کے قتل کی تحقیقات کرائی جائے۔اس موقع پرنوید بلوچ شہید کی والدہ نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ مجھے اپنے بچے کی شہادت پر فخر ہے۔

## پنجاب کے غیورعوام کواب منفی پروپگنڈہ کے ذریعے ایم کیوایم سے دورنہیں رکھا جاسکتا،سید مصطفیٰ کمال (حق پرست سٹی ناظم کراچی)

## ایم کیوایم واحدتحریک ہے جوملک پرمسلط فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے،

## جب تک ملک پرجاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام مسلط ہے ملک بھر کے غریب عوام کومعاشرے میں وہ مقام نہیں مل سکتا جس کے وہ حق دار ہیں

## ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں دورے کے دوران میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو

لاہور۔۔۔۔۔۔18،نومبر2009ء

حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے پنجاب کے غیورعوام کواب منفی پروپگنڈہ کے ذریعے ایم کیوایم سے دورنہیں رکھا جاسکتا قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متاثر ہوکر ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام اپنے حقوق کی پرامن جدوجہد کے لیئے متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہورہے ہیں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں ایک مختصر دورے کے دوران میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوا،سیف یار خان،ڈاکٹر علی حسین چوہدری،حق پرست وزیر وایم پی اے فیصل سبزواری،اراکین کنونشن کمیٹی عنصر علی بٹ،مقصود اعوان ایڈووکیٹ،محترمہ پروین اختر،پروفیسر غلام صابر،رانا فرحت علی ایڈووکیٹ،حسنات رفیق سمیت کارکنان وعوام کی کثیر تعداد موجود تھی۔اس موقع پرحق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کا ایم کیوایم پنجاب ہاؤس پہنچنے پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کرتے ہوئے شاندار استقبال کیا گیا۔اس موقع پرحق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد تحریک ہے جس کو ملک کے عوام پرکھ چکے ہیں اور یہی جماعت ملک پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور اس نظام کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے ایم کیوایم نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان حق پرستی کی تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے گھر گھر اور محلے محلے جاکر کام کریں گے اور لوگوں میں شعور بیدار کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب تک ملک پر جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام مسلط ہے ملک بھر کے غریب عوام کو معاشرے میں وہ مقام نہیں مل سکتا جس کے وہ حق دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہنما ہے جنہوں نے ملک کے ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو متعارف کراکر جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام میں دراڑ ڈال دی ہے اور انشاءاللہ وہ وقت دور نہیں جب ملک پر غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی ہوگی۔

## گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کی حلقہ GBLA3 کے نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین اور 30 سے زائد ایم کیوایم کے کارکنان کی بلاجواز اور غیر قانونی گرفتاری قابل مذمت ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔18 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کی حلقہ GBLA3 کے نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین اور 30 سے زائد ایم کیوایم کے کارکنان کی بلاجواز اور غیر قانونی گرفتاری کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ہادی حسین سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور پولیس کے اس غیر قانونی اقدام کا نوٹس لیتے ہوئے ان پر عائد تمام جھوٹے مقدمات واپس لیے جائیں۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا گذشتہ روز GBLA3 کے حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین جو اس حلقہ 3 کے ریٹرنگ آفسر کے دفتر میں درخواست جمع کرانے گئے تھے جہاں سے ان کو پولیس نے غیر قانونی طور پر گرفتار کرلیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ بعض قوتیں گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی مقبولیت اور حق پرستوں کو حاصل عوامی حمایت سے شدید خوف ذدہ ہیں اور یہی وجہ ہے کہ قانون ساز اسمبلی کی حالیہ انتخابات میں من پسند نتائج حاصل کرنے کیلئے دھاندلیوں کے تمام ریکارڈ توڑ دیے گئے اور سرکاری مشنری کا بے دریغ استعمال کیا گیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ امر افسوسناک ہے کہ پولیس نے دھاندلی کرنیوالوں کیخلاف کاروائی کے بجائے ایم کیوایم کے بے گناہ امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین اور دیگر کارکنان کو گرفتار کرلیا گیا۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، گونر گلگت بلتستان قمرالزمان کائرہ اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ ہادی حسین اور ایم کیوایم کے دیگر بے گناہ کارکنان کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم دنیور امبھر ی یونٹ کے زخمی کارکن اسحاق حسین کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے وفد کی اسکردو روڈ ایکسیڈنٹ میں شہید ہونے والے کارکنان فداعلی اور رجب علی بھٹو کی رہائشگاہوں پر جاکر سوگواران سے اظہار تعزیت الطاف حسین کی جانب سے شہداء کے لواحقین کو امدادی رقوم پیش کیں

اسکردو۔۔۔18، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبائی کمیٹی، الیکشن سیل کے اراکین اور ایم کیوایم گلگت بلتستان کے اراکین نے گزشتہ دنوں اسکردو میں روڈ ایکسیڈنٹ کے المناک حادثے میں شہید ہونے والے ایم کیوایم اسکردو کے کارکنان فداعلی اور رجب علی بھٹو کی رہائشگاہوں پر جاکر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شہداء کے لواحقین کو امدادی رقوم پیش کیں۔ ایم کیوایم کے وفد میں صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد رفیق، عمر دراز، خالد وہاب، مسعود عباسی، ایم کیوایم گلگت بلتستان کے جوائنٹ انچارج نثار بلتی اور حق پرست امیدواران بھی شامل تھے۔ وفد نے سوگوار لواحقین کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا اور سوگواران کو صبر کی تلقین کی۔ اس موقع پر انہوں نے فداعلی شہید اور رجب علی بھٹو شہید کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم ایلڈرز ونگ ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ایڈھاک سیکٹر انچارج محفوظ علی ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ایڈھاک سیکٹر انچارج محفوظ علی ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 58 سال تھی اوران کے سوگواران میں بیوہ اورایک لڑکی شامل ہیں۔مرحوم کوگزشتہ روز ڈیفنس کے گزری قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ پی این ٹی کالونی کے مین روڈ پرواقع مسجد الفلاح میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم،ایم کیوایم ایلڈرز ونگ،ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔محفوظ علی مرحوم کا سوئم 19 نومبر بروز جمعرات کو بعد نماز ظہر پی این ٹی کالونی چوہدری خلیق الزماں روڈ پرواقع الفلاح مسجد میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محفوظ علی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن،ملیر سیکٹرز اوراے پی ایم ایس او کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 115 کے شہید کارکن امتیاز زہری کی والدہ محترمہ حلیمہ بی بی،ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکن محمد شعیب خان کی والدہ محترمہ زاہدہ بیگم اوراے پی ایم ایس او پریمیئر کالج یونٹ کے یونٹ سیکریٹری فیضان غوری کے والد جہانگیر ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## پریمیئر کالج یونٹ کے یونٹ سیکریٹری سے اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، نومبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے گورنمنٹ پریمیئر کالج یونٹ کے یونٹ سیکریٹری فیضان غوری کے والد جہانگیر ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## قانون نافذ کرنے والے ادارے تعلیمی اداروں میں امن وامان کویقینی بنانے کیلئے اپنا مثبت کردارادا کریں
## تعلیمی اداروں میں نام نہادطلبہ تنظیموں کے دہشت گردعناصر طلبہ کے مستقبل کوتاریک کرنے کی پالیسی پرعمل پیراہیں،
## اساتذہ کرام اورطلبہ کیساتھ ناروا سلوک ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا چیئرمین ومرکزی کابینہ اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔18، نومبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین سیّد وحید الزماں اوراراکین مرکزی کابینہ نے تعلیمی اداروں میں نام نہادطلبہ تنظیموں کے کے دہشت گردعناصر کی جانب سے تعلیمی ماحول کوسبوتاژ کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر بھر کے تعلیمی اداروں میں موجود نام نہادطلبہ تنظیموں کے دہشت گردعناصر گزشتہ کئی ماہ سے تعلیمی اداروں میں معصوم طلبہ وطالبات کے مستقبل کوتاریک کرنے کی پالیسی پرعمل پیراہیں۔انہوں نے کہا کہ نام نہادطلبہ تنظیمیں تعلیمی اداروں میں امن خراب کرکے معصوم طلبہ پراپنا جبری اثر ورسوخ قائم کرنا چاہتی ہیں جوکہ کھلی دہشت گردی ہے اس عمل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ نام نہادطلبہ تنظیموں کے کارکنان تعلیمی اداروں میں اساتذہ کرام اورطلبہ کیساتھ ناروا سلوک اپنائے ہوئے ہیں یہی وجہ ہے کہ گذشتہ کئی ماہ سے تعلیمی اداروں میں نام نہادطلبہ تنظیمیں دہشت گردی کے

ذریعے شہر بھر کے تعلیمی اداروں کا امن وامان خراب کررہی ہیں اور سازشی منصوبے کے تحت تعلیمی ماحول کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں میں تعلیمی ادارے امن وامان کو یقینی بنانے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔اے پی ایم ایس او کے چیئر مین وارا کینِ مرکزی کابینہ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، وزیر داخلہ سندھ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ نام نہاد طلبہ تنظیموں کے دہشت گرد عناصر کی شر انگیز کارروائیوں کا نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے تا کہ معصوم طلبہ وطالبات کے مستقبل کو تاریک ہونے سے بچایا جاسکے اور تعلیمی اداروں میں امن وامان کو یقینی بنایا جاسکے۔

## پاکستان اسٹیل میں پروموشن پالیسی کو درست خطوط پر استوار کیا جائے اور جونیئر آفیسرز کو فی الفور ترقی دی جائے، وسیم قریشی

## پاکستان اسٹیل ملز م کے محنت کشوں کے نمائندہ وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات

کراچی۔۔۔18،نومبر2009ء

پاکستان اسٹیل ملز کے محنت کشوں کے ایک نمائندہ وفد نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی سے ملاقات کی اورانہیں ادارے میں حالیہ وضع کردہ پالیسی برائے پروموشن میں 800 سے زائد تعلیم یافتہ جونیئر آفیسرز کو نظر کرنے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ملاقات میں پاکستان اسٹیل کے محنت کشوں نے بتایا کہ ادارے میں حال ہی میں وضع کردہ پالیسی برائے پروموشن (کیئیر پلاننگ آف جونیئر آفیسرز HS کیڈر پالیسی) بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظور کی گئی اس حوالے سے جونیئر آفیسر کو پروموشن لیٹر بحیثیت HS 2nd اوراسٹیٹ منیجر جاری کئے گئے جبکہ تقریبا800 سے زائد تعلیم یافتہ جونیئر آفیسرز کو نظر انداز کردیا گیا جس کے باعث ان میں گہری تشویش پائی جارہی ہے۔انچارج لیبر ڈویژن وسیم قریشی نے پاکستان اسٹیل کے محنت کشوں کے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اورانہیں جائز حقوق کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے بھر پور تعاون کا یقین دلایا۔وسیم قریشی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، پاکستان اسٹیل ملز کی انتظامیہ، ایم ڈی رسول بخش اورارا کین بورڈ آف ڈائریکٹرز پاکستان اسٹیل ملز سے مطالبہ کیا کہ ادارے میں پروموشن پالیسی کو درست خطوط پر استوار کیا جائے، پروموشن سے محروم جونیئر آفیسرز کو فی الفور ترقی دی جائے تا کہ ادارے کے ملازمین میں پیدا ہونے والی مایوسی اور بے چینی کو دور کیا جاسکے اورمحنت کش خوشدلی کے ساتھ ادارے کی ترقی وخوشحالی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

## نوید بلوچ کا بہیمانہ قتل شہراورصوبہ کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے،ایم کیوایم میر پور خاص زون

## سفاکانہ قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سے سخت ترین سزادی جائے

میر پور خاص۔۔۔18،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ میر پور خاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش اورارا کین زونل کمیٹی نے ایم کیوایم میر پور خاص زون یونٹ 7/B کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے میر پور خاص شہر سمیت صوبہ کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے خائف قوتیں اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے ایک مرتبہ پھر حرکت میں آچکی ہیں اورایم کیوایم کی ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مقبولیت نے ان کے اوسان خطا کردیئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حقوق کی جدوجہد میں ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں اور جوعناصر یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ قتل و غارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے اپنے عزائم کی تکمیل کرلیں گے وہ ہمیشہ کی طرح ناکامی سے دوچار ہوں گے۔انہوں نے نوید بلوچ شہید کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔میر پور خاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش اورارا کین زونل کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے نوید بلوچ شہید کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورسفاکانہ قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سے سخت ترین سزادی جائے۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین نے اسکردو ہیڈ کوارٹر اسپتال کے ایم ایس کو لاکھوں روپے مالیت کی ادویات عطیہ کیں

اسکردو۔۔۔18،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال اسکردو کے ایم ایس ڈاکٹر حسن خان سے ملاقات کی اور انہیں لاکھوں روپے مالیت کی ادویات مریضوں کے علاج ومعالجہ کیلئے عطیہ کیں۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد رفیق، عمر دراز اور ایم کیوایم گلگت بلتستان کے جوائنٹ انچارج نثار بلتی بھی موجود تھے۔ملاقات میں اسکردو اسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر حسن خان نے ادویات کے عطیہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے خصوصی تشکر کا اظہار کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے خدمت انسانیت کے بے لوث جذبے کی تعریف کی۔

## ایم کیوایم میرپورخاص کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ شہید کو ہزاروں سوگواران کی موجودگی میں سیٹلائٹ ٹاؤن کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا،سوئم جمعرات کو بعد نماز ظہر شہید کی رہائشگاہ پر ہوگا
## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی،حق پرست وزراء،اراکین اسمبلی،حق پرست ناظمین،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی ،میرپورخاص زون اور شہر کی سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی

میرپورخاص۔۔۔18،نومبر2009ء

گزشتہ روز مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون یونٹ 7/B کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ کو ہزاروں لوگوں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان شہداء قبرستان سیٹلائٹ ٹاؤن میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ سٹیلائٹ ٹاؤن گراؤنڈ نمبر2 میں ادا کی گئی۔شہید کے سوگ میں میرپورخاص شہر سوگ میں ڈوبا رہا اور لوگوں نے رضا کارانہ طور پر اپنا کاروبار زندگی بند رکھا۔نوید بلوچ شہید کی تدفین کے موقع پر فضا سوگوار تھی اور ہر آنکھ اشکبار تھی۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاکر علی،حق پرست صوبائی وزراء شیخ محمد افضل (خالد عمر)،محمد زبیر،صوبائی مشیر غلام حیدر راہو،حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی،ضلعی نائب ناظم ڈاکٹر ظفر احمد کمالی،تعلقہ ناظم غلام دستگیر خان،تعلقہ نائب ناظم شفیق احمد،یوسی ناظمین،نائب ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ،اراکین فرید احمد،یاور فیصل،ایم کیوایم میرپورخاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش،جوائنٹ انچارج محمد عارف،اراکین زونل کمیٹی،سیکٹرز،یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران کے علاوہ میرپورخاص شہر کی سیاسی وسماجی شخصیات اور شہید کے عزیز واقارب نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔نوید بلوچ شہید کا سوئم 19 نومبر بروز جمعرات کو بعد نماز ظہر ان کی رہائشگاہ واقع سیٹلائٹ ٹاؤن میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## مقامی صحافی ایس ایم شکیل سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18 نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی ٹی وی چینل کے سینئر صحافی ایس یم شکیل کی خالہ شفیقہ بیگم کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایس ایم شکیل سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے تعزیت وہ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (امین)۔

☆☆☆☆☆